کتاب نما

محسن انسانیتؐ، نعیم صدیقی۔ ناشر: فیصل پبلشرز، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۶۲۴۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔

سیرت نگاری کا میدان بھی خوب میدان ہے۔ نہ لکھنے والے سیر ہوتے ہیں اور نہ پڑھنے والے۔ آخر اس ہستی کا ذکر ہے جو مسلمان کو ماں باپ سے بھی زیادہ محبوب ہے۔ نعیم صدیقی کی محسن انسانیتؐ اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے، جس نے ایک پوری نسل کی تربیت کی اور سیرت کے مطالعے کے صحیح رخ سے آشنا کیا۔ مصنف کا کمال یہ ہے کہ اس نے الفاظ اور بیان پر اپنی قدرت کو رسولؐ کی عظمت و محبت سے سرشار ہو کر آپؐ کی زندگی کو اس طرح پیش کیا ہے کہ نہ صرف آپؐ کی شخصیت، بلکہ پورا دور آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ شاید یہ کہنا غلط نہ ہو کہ جس طرح کا شدید تاثر کسی بہت اچھی فلم کو دیکھ کر ہوتا ہے وہی اس کتاب کی شان ہے۔

یہ کتاب عرصے سے دستیاب نہ تھی۔ اب فیصل پبلشرز نے اس خوش خبری کے ساتھ شائع کی ہے کہ وہ جناب نعیم صدیقی کی دوسری تمام کتب بھی شائع کریں گے۔ نعیم صدیقی صاحب صرف ادیب اور شاعر ہی نہیں، انھوں نے علمی اور فکری تحریریں بھی لکھیں اور کہا جا سکتا ہے ایک پوری نسل کی تعمیر و تربیت میں سید مودودیؒ کے ساتھ ساتھ ان کا بھی غیر معمولی حصہ رہا ہے۔ ہماری موجودہ نسل محسن انسانیتؐ کا مطالعہ کرے تو سیرت کے انقلاب آفریں پیغام تک پہنچے اور نعیم صدیقی صاحب کے مقام کو بھی سمجھے۔

(مسلم سجاد)

الصلوٰۃ والسلام علیٰ رحمت للعالمینؐ، مرتب: رشید اللہ یعقوب، ناشر: رحمتہ للعالمین ریسرچ سنٹر، ۸ زمزمہ سٹریٹ نمبر ۳، کلفٹن، کراچی ۷۵۶۰۰۔ مجلد مع گردپوش صفحات: ۱۹۲۔ صدقہ جاریہ۔

ایسی کتاب جو دیکھیں تو دیکھتے ہی رہ جائیں! دلکش، خوب صورت طباعت کا شاہکار، موضوع بھی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود و سلام [اور کیا چاہیے، جب کہ صدقہ جاریہ کے طور پر بغیر قیمت دستیاب ہو!] ۔ اس کتاب میں مرتب نے ان درود و سلام کو جمع کیا ہے جن کی رسولؐ نے خود تعلیم دی ہے۔ مرتب نے یہ درود صرف انھی احادیث سے لیے ہیں جو انھوں نے خود دیکھی ہیں۔ اس طرح اس میں ۲۷ درود اور ۱۴ سلام شامل ہیں۔ پہلے باب میں درود و سلام کے بارے میں سورہ احزاب کی آیت اور ان احادیث کو عربی متن کے ساتھ بیان کیا ہے جن میں درود و سلام کا حکم دیا گیا ہے۔ دوسرے باب میں درود و سلام کے فضائل کے متعلق احادیث جمع کی گئی ہیں۔ تیسرے باب میں ۲۷ طرح کے درود، جن کی احادیث